صحرائے کربلا میں اب عصر کي گھڑي ھے
زھراء کا لاڈلا ھے اور شمر کي چھڑي ھے

آغوش فاطمة پر کيوں بجلياں نہ ٹوٹے
نازوں کا پالا بیٹا جلتي زمیں پہ تڑپے
سولہ پہر کا پیاسا اور دھوپ بھي کڑي ھے

قرآن کي سورتیں ھیں بکھري ھوئي زمین پر
چہرے لہو بھرے ھیں ٹکرے ھیں تن کھیں پر
زھرا کي کھکشاں سے کرب وبلاء سجي ھے

دریا کي سمت دیکھا عباس یاد آیا
کس بیکسي میں دیکھو بھائي تمھارا آیا
ٹوٹا ھے مجھ پر لشکر ٹوٹي کمر مري ھے

اٹھارہ سال والا نظروں میں پھر رھا ھے
نیزے کے ساتھ جسکا دل بھي نکل گیا ھے
پیري میں یوں مصیبة شبیر پر گري ھے

رہ رہ کر قبر اصغر دل کو جلا رھي ھے
چہ ماہ کے پسر کي بس یاد آ رھي ھے
ھاتھوں سے جسکي میت خود ھي دفن کري ھے

سوکھے ھوئے لبوں نے نانا کو ھے پکارا

زخمي ھوں اب تو آؤ بیٹے کو دو سھارا

سجدہ بجاؤں آخر طاقة کھاں میري ھے

برھان دیں کا باغ صحة ھمیشة مھکے

مھکے عزاء کا گلشن مولیٰ طع کے دم سے

اشك برھان دیں سے دعوة ھري بھري ھے

مولیٰ رھو سلامة سایہ میں پنجتن کے

کرتے رھو دعائیں حق میں یہ مردوں ن کے

غمخواروں کي زبان پر ھر دم دعاء یھي ھے

سایہ میں پنجتن کے سجدہ بجا رھے ھیں

اب آخري دعاء سے امة بچا رھے ھیں

اور چل رھا ھے خنجر گردن اتر رھي ھے

ظلمة میں قبر کي جب کوئي نہ ساتھ ھوگا

برھان دیں کا اس دم ھاتھوں میں ھاتھ ھوگا

گھبرا نہ اے جمالي برھان دیں ولي ھے